ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ سیریز کل سے شروع ۔

کراچی 31 اگست، 2023:

پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان وائٹ بال سیریز سے پاکستانی ویمنز ٹیم کے مصروف انٹرنیشنل سیزن کا آغاز ہورہا ہے اور کپتان ندا ڈار جیت کے ذریعے ابتدا کرنے کے بارے میں پرعزم دکھائی دیتی ہیں۔

جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیم پہلی مرتبہ پاکستان کے دورے پر ہے۔ پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین ٹیموں کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل جمعہ کے روز نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جائے گا ۔ یہ اسٹیڈیم تینوں ٹی ٹوئنٹی میچوں (یکم ۔تین اور چار ستمبر) کے علاوہ تینوں ون ڈے انٹرنیشنل میچوں کی بھی میزبانی کرے گا یہ تینوں ون ڈے انٹرنیشنل آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہونگے۔ون ڈے میچز آٹھ، گیارہ اور چودہ ستمبر کو کھیلے جائیں گے۔یہ تمام چھ میچز پی ٹی وی نیشنل اور پی ٹی وی اسپورٹس پر لائیو دکھائے جائیں گے جبکہ اس کی لائیو اسٹریمنگ اے آر وائی زیپ پر ہوگی۔

ٹی ٹوئنٹی میچز شام ساڑھے سات بجے شروع ہونگے جبکہ ون ڈے میچز دوپہر ساڑھے تین بجے شروع ہونگے۔

یہ سیزن پاکستانی ویمنز ٹیم کے لیے بہت مصروف ہے جس میں اسے پندرہ ون ڈے انٹرنیشنل اور سترہ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیلنے ہیں اور ایشین گیمز میں بھی حصہ لینا ہے۔

ندا ڈار نے اس سال اپریل میں بسمہ معروف کی جگہ پاکستان ویمنز ٹیم کی قیادت سنبھالی ہے۔اسی طرح لورا وولورٹ نے بھی جنوبی افریقہ کی کپتانی سونے لوس

کی جگہ سنبھالی ہے۔ یہ دونوں کھلاڑی اس سال مارچ میں راولپنڈی میں خواتین کے نمائشی میچوں میں حصہ لے چکی ہیں۔

ٹی ٹوئنٹی کی عالمی رینکنگ میں پاکستان ساتویں اور جنوبی افریقہ پانچویں نمبر پر ہے۔دونوں ٹیمیں اس سے قبل اٹھارہ مرتبہ مدمقابل آچکی ہیں جن میں تین آئی سی سی ایونٹس کے میچز تھے۔ پندرہ دو طرفہ سیریز کے میچوں میں جنوبی افریقہ نے آٹھ اور پاکستان نے سات جیتے ہیں۔دونوں کے درمیان آخری ٹی ٹوئنٹی میچ 2021 ء میں ڈربن میں ہوا تھا جو پاکستان آٹھ رنز سے جیتا تھا۔

کپتان ندا ڈار نے پی سی بی ڈیجیٹل سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ فل ٹائم کپتان کی حیثیت سے پاکستانی ٹیم کی قیادت کو اعزاز سمجھتی ہیں۔پہلی بار پاکستان آئی ہوئی جنوبی افریقی ٹیم کے خلاف کھیلنا ایک زبردست تجربہ ہوگا جس کے لیے ہم تیار ہیں۔

ندا ڈار کا کہنا ہے کہ یہ سیریز ایشیا کپ کے ساتھ ساتھ ہورہی ہے لہذا شائقین کے لیے بہت کرکٹ دیکھنے کے لیے ہے اور وہ اس سے لطف اندوز ہوسکیں۔

ندا ڈار نے نیشنل بینک اسٹیڈیم میں کھیلنے کے بارے میں خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں امید ہے کہ ٹیم یہاں مثبت نتائج دے گی۔ ہماری توجہ کھیل پر ہے اگرچہ ہم حالیہ دنوں میں انٹرنیشنل کرکٹ نہیں کھیلے لیکن قومی کیمپس اور پریکٹس میچوں میں شرکت کے ذریعے ہم نے خود کو فٹ رکھا ہے ۔ ٹیم کامبی نیشن مضبوط ہے۔ ہم اس سیریز میں اچھے نتائج کے ساتھ اس مصروف سیزن کے لیے تیار ہیں۔

جنوبی افریقہ کی کپتان لورا وولورٹ کا کہنا ہے کہ وہ پہلے بھی پاکستان میں نمائشی میچ کھیل چکی ہیں اور اس سیریز کے لیے بھی بہت زیادہ پرجوش ہیں۔یہ بہت بڑی سیریز ہوگی ۔ پاکستان ایک اچھی اور مقابلہ کرنے والی ٹیم ہے۔ ندا بہت اچھی کپتان ہیں پاکستان کے پاس بہت باصلاحیت نوجوان کرکٹرز موجود ہیں۔

انہوں نے کہا کہ شائقین کو چاہیے کہ وہ آئیں اور ہمارے میچز دیکھیں اور سپورٹ کریں۔

پاکستان کا ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ یہ ہے۔ ندا ڈار (کپتان) عالیہ ریاض ۔ بسمہ معروف۔ ڈیانا بیگ۔ فاطمہ ثنا۔ منیبہ علی۔ نجیہہ علوی (وکٹ کیپر) ۔نشرہ سندھو۔ نتالیہ

پرویز۔صدف شمس۔ سعدیہ اقبال۔ شوال ذوالفقار۔ سدرہ امین۔ سیدہ عروب شاہ اور ام ہانی۔

ریزرو کھلاڑی۔ انوشے ناصر۔ عمیمہ سہیل اور وحیدہ اختر۔

ٹی ٹوئنٹی سیریز کے میچ آفیشلز یہ ہیں۔

یکم ستمبر ۔ پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل۔ فیصل آفریدی اور راشد ریاض (آن فیلڈ امپائرز) طارق رشید (تھرڈ امپائر) عافیہ امین (ریزرو امپائر) ۔ محمد جاوید ملک (میچ ریفری) ۔
3 ستمبر ۔ دوسرا ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل ۔ راشد ریاض اور طارق رشید (آن فیلڈ امپائرز) فیصل آفریدی (تھرڈ امپائر) عافیہ امین (ریزرو امپائر) ۔ محمد جاوید ملک (میچ ریفری) ۔
4 ستمبر ۔ تیسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل ۔ فیصل آفریدی اور طارق رشید (آن فیلڈ امپائرز) راشد ریاض (تھرڈ امپائر) عافیہ امین (ریزرو امپائر) محمد جاوید ملک (میچ ریفری) ۔

-ENDS-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Pathway Cricket Programme
Broadcast & Live Streaming Partners